# Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

{نمبر ۳} مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۳ر جمادی الاول سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۵ر اگست سنہ ۱۹۳۴ء {جلد (۲۶)}


## حصہ اول

## احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | برقراری سلسلہ ملازمت منشی بانکے بہاری لال (پیشکار ریونیو آفس) | ۲ |


(مطبوعہ سٹیٹ پریس رامپور)

# حکم اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

حکم:۔ رپورٹ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم (انگریزی)
مورخہ ۱۰ر اگست ۱۹۳۲ء

بمنشائے حکم ہمایون سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۱۰ر اگست ۱۹۳۲ء
دستخط صاحب چیف منسٹر (انگریزی)

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعد عرض میرساند

جناب عالی!

منشی بانکے بہاری لال سابق میر منشی دار الانشاء محکمہ ۳۰ر اگست سنہ ۱۹۰۸ء کو ملازمت سے سبکدوش کردیئے گئے تھے۔ ۲۲ر جولائی سنہ ۱۹۱۱ء کو عہدہ پیشکاری ریونیو آفس میں دوبارہ ملازم ہوگئے ہیں۔ دو سال ۱۰ ماہ ۲۵ یوم ملازمت سے علیحدہ رہے۔

منشی بانکے بہاری لال ۱ر جولائی سنہ ۱۹۰۶ء کے ملازم ہیں۔ خواستگار ہیں کہ سلسلہ ملازمت قائم فرمایا جائے۔ صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے سفارش کی ہے اگر سلسلہ ملازمت قائم فرمایا جائے۔ تو پنشن درست ہوگی ایام علیحدگی کی تنخواہ نہیں دیجائے گی۔

زیادہ حد ادب۔ دولت واقبال بر ترقی باد

عرضی

از جانب دستخط صاحب پریسیڈنٹ باب کونسل
مورخہ ۳۰ر جولائی ۱۹۳۲ء